پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

03/12/2021

نائب وزیراعلیٰ ڈاکٹر نے نوتعمیر ریل فلائی اوپر پل کے نام کی تختی کی پردہ کشائی کی

لکھنؤ:03؍دسمبر 2021

اتر پردیش کے نائب وزیراعلیٰ نے آج ریلوے کے پریاگ راج، کانپور ریل سیکشن کے 3-879/1 کلومیٹر سیراتھو ریلوے اسٹیشن کے پہلے سمسا چوراہا کے پاس ضلع کوشامبی نوتعمیر ریل فلائی اوور پل کے نام کے تختی کی پردہ کشائی کی ۔ اس پل کا نام مہا راج بجلی پاسی ریل فلائی اوور پل رکھا گیا ۔ اس کی لمبائی 801.425 میٹر اور لاگت 4024.33لاکھ ہے۔

اس موقع منعقد پروگرام کوخطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ترقیات کے پیش نظر چاہئے سڑک ہو یا بجلی یا رہائش سمیت دیگر عوامی فلاحی اسکیمیں عوام الناس کے لیے مستفید کرنے کی مسلسل کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں صحت خدمات کو اور بہتر بانے کا کام مسلسل کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریل فلائی اوور پل کے بننے سے قبل پھاٹک بند ہونے پر عوام الناس گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا تھا اور جام لگ جاتا تھا اب پل بن جانے سے آمدورفت میں آسانی ہو رہی ہے۔

☆☆☆☆☆☆